ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 23فروری 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کے تحت امروز ملک کی معروف شخصیت، شعبہ سائنس کے ماہر اور سابق وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی جناب ڈاکٹر عطاءالرحمٰن نے شرکت کی۔ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر انہیں خوش آمدید کہا اور انکا استقبال کیا۔ مذکورہ عنوان پر منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں سی پی او کے جملہ سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

اس اہم نشست میں ڈاکٹر عطاءالرحمٰن نے کہا کہ جرائم کیخلاف جنگ میں یقینی کامیابی کے لیئے ضروری ہے کہ محکمانہ امور میں سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہر سطح پر استفادہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ فرائض کی ادائیگی میں عزم وہمت، محنت ولگن اور جانفشانی جبکہ محکمانہ حکمت عملی اور لائحہ عمل میں جدت اور تیکنیکس کا اپنا ایک الگ مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2000ء سے لیکر سال 2018ء تک پاکستان شعبہ سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں اپنے عروج پر گیا۔

اس موقع پر مہمان نے اپنی پیشہ وارانہ زندگی کے دوران سامنے آنیوالے چیلنجز اور ان سے نمٹنے کے ضمن میں اپنے تجربات، عملی اقدامات اور انکی اہمیت سمیت اٹھائے گئے مجموعی اقدامات اور سنجیدہ کاوشوں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

آئی جی سندھ نے شعبہ سائنس اور بالخصوص ملک میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ اور ترقی کے حوالے سے مہمان کی سوچ، فکر اور اقدامات کی تعریف کی اور سراہا۔ اس موقع پر آئی جی سندھ نے مہمان کو سندھ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی دی۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔